نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

15 نومبر 2010ء

برائے فوری اجراء

649/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

# امریکہ نے بعد از سیلاب بحالی اور تعمیر نو کیلئے کیری لوگر برمن فنڈز سے 500 ملین ڈالر کی فراہمی تیز کر دی

اسلام آباد (15 نومبر 2010ء) ___ افغانستان اور پاکستان کیلئے امریکہ کے خصوصی نمائندے سفیر رچرڈ ہالبروک نے آج پاکستان ڈویلپمنٹ فورم (پی ڈی ایف) کے اجلاس کے دوران اعلان کیا کہ امریکہ اِس سال آنے والے تباہ کن سیلاب کے بعد بحالی اور تعمیر نو کیلئے فنڈز از سرِ نو مختص کرے گا۔

سفیر ہالبروک نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ اشتراک کو توسیع دینے کے ہمارے پائیدار عزم کے اظہار کے طور پر اور کانگریس سے قریبی مشاورت کے ساتھ امریکہ کیری لوگر برمن فنڈ کے پہلے سال کی قسط میں سے اشد ضروری بحالی اور تعمیرِ نو کے عمل میں مصروف سیلاب زدگان کو فائدہ پہنچانے کیلئے 500 ملین ڈالر فراہم کرے گا، جو اس سال کیلئے ہماری جانب سے فراہم کی جانے والی سویلین امداد کا ایک تہائی ہے۔ یہ فنڈز امریکہ کی جانب سے سیلاب کے دوران امدادی سرگرمیوں کیلئے فراہم کئے جانے والے 500 ملین ڈالر کے علاوہ ہیں۔

امریکی انتظامیہ ان فنڈز کے بہترین استعمال اور انھیں پاکستان کی ترجیحات سے ہم آہنگ بنانے کیلئے کانگریس اور پاکستانی قیادت کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ یہ امداد شہریوں کو پہنچنے والے نقصان کے ازالے کیلئے قائم ہونے والے فنڈ، بُری طرح متاثر ہونے والے علاقوں میں زرعی اقدامات، بنیادی ڈھانچے کی چھوٹی اسکیموں، اسکولوں کی تعمیر نو اور حکومتِ پاکستان سے قریبی مشاورت اور باہمی طور پر طے شدہ دیگر منصوبوں پر صرف کی جائے گی۔

عالمی بینک نے شہریوں کو پہنچنے والے نقصان کے ازالے کیلئے قائم ہونے والے فنڈ کا حال ہی میں مثبت جائزہ پیش کیا ہے اور ہم مطمئن ہیں کہ اُس نے معلوم کیا ہے کہ مستفید ہونے والے افراد کو اشد ضروری معاوضہ فراہم کرنے اور اس دوران کرپشن کو کم سے کم کرنے کے سلسلہ میں مناسب کنٹرول موجود ہے۔ پاکستانیوں کی فوری ضروریات کی نشاندہی کرنے اور اُنھیں امداد فراہم کرنے کیلئے کی جانے والی یہ اہم کوشش پاکستان اور اُس کی عوام کے ساتھ امریکہ کی مسلسل اور طویل مدت وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔

14 سے 15 نومبر کو اسلام آباد میں ہونے والے پی ڈی ایف کے اجلاس کے دوران سفیر ہالبروک نے پاکستان کے معاشی استحکام کیلئے طویل المدت امریکی عزم کا اعادہ بھی کیا۔ سفیر ہالبروک نے کہا کہ کُلی اقتصادی اصلاحات لانے کے حکومت پاکستان کے منصوبے خود انحصاری کی جانب اہم پیشرفت ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس کیلئے قانون سازی اصلاحات کے سلسلے میں حکومت پاکستان کے عزم کی غماز ہے۔ تاہم ٹیکس کی بنیاد وسیع کرنے اور توانائی کے شعبے کیلئے مستقل پالیسی، جو مُلک کے مستقبل اور معاشی ترقی کیلئے اشد ضروری ہیں، پاکستان کو آئی ایم ایف اور دیگر ترقیاتی بینکوں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔

29 جولائی کو آنے والے المناک اور تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان نے جب امداد کی اپیل کی تو امریکہ نے اس کا فوری اور فراخدلانہ جواب دیا۔ ہمارا ردعمل ہماری انسانی اقدار اور پاکستان کے ساتھ ہماری گہری وابستگی سے ہم آہنگ ہے۔ پاکستان کیلئے امداد میں غیر سرکاری تنظیموں اور اقوام متحدہ کے اداروں کو فراہم کی جانے والی مالی معاونت اور دنیا بھر میں موجود امریکی صلاحیتوں اور اثاثوں سے فوری ضرورت کی اشیاء اور خدمات کی ترسیل شامل ہے۔

###

---

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔